# ٹرسٹ جمعیّت تعلیمُ القرآن

عالمگیر مسجد، عالمگیر روڈ، بہادر آباد، کراچی 021-34935824

**5th Newsletter**
**Jan to Mar 2026**

## وژن

تعلیم القرآن و سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشنی میں مثالی، باکردار اور باصلاحیت افراد کے ذریعہ ملک وقوم کی ترقی، امت کی سربلندی اور انسانیت کی فلاح کا حصول



## ہمارے مقاصد

**تعلیم**
ملکی سطح پر بچوں اور بڑوں کو باتجوید تعلیم القرآن کی فراہمی

**کردار سازی**
بچوں کی ابتدائی دینی تعلیم وتربیت اور ان کو بااخلاق وباصلاحیت مسلمان بنانے کی سعی۔

**ٹیچرز ڈیولپمنٹ**
ملک بھر کے لیے شفیق وباکردار اساتذہ کی تیاری وفراہمی۔

# رمضان المبارک کی کاوشیں

**2026ء/ 1447ھ**

رمضان المبارک قمری سال کے بارہ مہینوں میں سب سے مبارک مہینہ ہے ، جو برکتوں ، بخششوں اور انعامات کی بارش کا موسم ہے۔اس مبارک مہینے میں نفل کا ثواب فرض کے برابر اور ایک فرض کا ثواب 10 سے 700 گنا تک بڑھا دیا جاتا ہے۔مسلمان اس ماہِ مبارک میں بکثرت زکوٰۃ، صدقات اور خیرات دیتے ہیں۔دینی جماعتوں، خصوصاً تعلیم و تدریس سے متعلق اداروں کے لیے یہ مہینہ ان کے مالیاتی سال کا آغاز ہوتا ہے، لہٰذا منتظمین حضرات خاص توجہ کے ساتھ اپنے وابستگان سے رابطہ کرتے ہیں، انہیں اپنی کارکردگی سے روشناس کرواتے ہیں اور نئے معاونین تک پہنچنے کی کوشش کرتے ہیں۔

## 1








حسبِ معمول ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن نے بھی اپنی سال بھر کی کارکردگی کے ساتھ ساتھ مستقبل کے منصوبوں اور اہداف کے مختصر اجمالی جائزے پر مشتمل کتابچہ اور بروشر میں عددی تفصیلات شائع کیں۔ مزید برآں سوشل اور ڈیجیٹل ذرائع سے بھی بھرپور پیغام رسانی کی۔

## 2

ملک کی نامور شخصیات نے ٹرسٹ کی خدمات کو سراہا اور اپنے پیغامات کے ذریعے حوصلہ افزائی کے ساتھ ساتھ دعاؤں سے بھی نوازا۔




3

شہر کے 6 اہم مقامات پر بڑے بل بورڈز آویزاں کیے گئے، جبکہ مختلف شاہراہوں پر دعوتی سٹریمر بھی نصب کیے گئے۔علاوہ ازیں، مختلف مساجد میں علماء کرام کے خطابات اور معلوماتی سٹالز کے ذریعے مخیر حضرات کو اس کارِ خیر میں شامل ہونے کی دعوت دی گئی۔

## رمضان المبارک میں ملک گیر تراویح کا اہتمام




ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن کے تحت امسال ملک بھر میں تقریباً ڈھائی ہزار حفاظِ کرام نے مساجد اور گھروں میں تراویح کے دوران قرآن مجید سننے اور سنانے کا اہتمام کیا۔ اس تربیتی عمل کو منظم رکھنے کے لیے شعبہ گردان اور تکمیلِ حفظ کے قریب طلبہ کی جوڑیاں بنائی جاتی ہیں، جو روزانہ ڈیڑھ پارہ نوافل میں سناتے ہیں اور جوڑی کے تمام حفاظ کو برابر موقع دیا جاتا ہے تاکہ ان میں عملی مشق اور خود اعتمادی پیدا ہو۔ مساجد میں موقع نہ ملنے کی صورت میں طلبہ گھروں پر اس کا انتظام کرتے ہیں تاکہ ان کے اہلِ خانہ بھی اس برکت میں شامل ہو سکیں۔ اس عمل کی مکمل نگرانی مرکزی اور مقامی ممتحنین کرتے ہیں۔ روزانہ کی بنیاد پر مرتب کی جانے والی رپورٹس کے ذریعے اس عمل کا جائزہ لے کر مستقبل کا لائحہ عمل طے کیا جاتا ہے، جس سے نہ صرف طلبہ کا حفظ مضبوط ہوتا ہے بلکہ انہیں عملی تربیت بھی حاصل ہوتی ہے۔




## وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے سالانہ امتحان 2026ء میں ٹرسٹ کے طلبہ و طالبات کی شرکت اور شاندار کارکردگی

الحمدللہ، ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن کے زیرِ اہتمام امسال ملک بھر کے مکاتب سے 963 طلبہ و طالبات نے وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے سالانہ حفظ القرآن الکریم امتحان میں شرکت کی، جن میں 802 طلبہ اور 161 طالبات شامل تھیں۔




## عالمگیر مسجد کراچی میں امتحانی سرگرمی

کراچی کے امتحانی مرکز عالمگیر مسجد میں 8 جنوری 2026ء کو ٹرسٹ کے 90 طلبہ سمیت مجموعی طور پر 165 طلبہ نے امتحان دیا۔ امتحانی عمل بحمداللہ منظم انداز میں مکمل ہوا۔ امتحان کی نگرانی مولانا محمد عظیم نے ممتحنِ اعلیٰ کی حیثیت سے فرمائی۔ مزید برآں، شعبہ بنات کراچی سے 38 طالبات نے بھی امتحان میں شرکت کی۔ ٹرسٹ کی جانب سے امتحانی نظم و ضبط، طلبہ کی حاضری، مہمان ممتحنین کے استقبال اور دیگر انتظامی امور کی نگرانی متعلقہ ذمہ داران نے باہمی تعاون اور حسنِ انتظام کے ساتھ انجام دی۔

# تکمیلِ حفظِ قرآن کی پُروقار تقریب کا انعقاد



ٹرسٹ کے زیرِ انتظام کراچی کے 22 مکاتب سے حفظِ قرآن مکمل کرنے والے 90 طلبہ کے اعزاز میں عالمگیر مسجد میں ایک پُروقار تقریبِ تقسیمِ اسناد منعقد کی گئی۔ 15 ویں شبِ شعبان المعظم کو منعقد ہونے والی اس تقریب میں طلبہ، اساتذہ، والدین اور عمائدینِ علاقہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کا آغاز شعبہ معلم تربیتی کورس کے ماسٹر ٹرینر جناب مولانا محمد اصغر کی خوبصورت تلاوت سے ہوا،شعبہ تعلقاتِ عامہ سے محمد حارث خان نے ٹرسٹ کی ہمہ جہت خدمات،عزائم اور طریقہ کار پر مشتمل مختصر گفتگو کی۔ اس موقع پر معزز مہمانِ خصوصی مولانا نجم اللہ عباسی صاحب نے طلبہ سے آخری سورتیں پڑھوا کر دعائے ختمِ قرآن کروائی اور اپنے خطاب میں قرآنِ کریم کی فضیلت اور حاملینِ قرآن کے بلند مرتبے پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے ٹرسٹ کی ملک گیر تعلیمی خدمات، بالخصوص دشوار گزار پہاڑی علاقوں اور جیلوں میں قرآن کی تعلیم عام کرنے کی کوششوں کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا۔ تقریب کے اختتام پر کامیاب ہونے والے حفاظِ کرام اور اساتذہ کی حوصلہ افزائی کی گئی اور پُر اثر دعا کے ساتھ یہ بابرکت محفل اختتام پذیر ہوئی۔

تم میں سب سے بہتر شخص وہ ہے جو قرآن سیکھے اور اسے سکھائے۔ (الحدیث)

Join whatsapp

## Online Bank Details

Title of A/C: Trust Jamiat Talim Ul Quran

Donate Now

| Bank | Atiya | Zakat / Sadqa |
|---|---|---|
| **Meezan Bank Ltd** | **0114-0100-208053** | **0114-0100-208054** |
| **Faysal Bank Ltd** | **3137-387000003242** | **3137-387000003241** |

ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن اندرون عالمگیر مسجد، عالمگیر روڈ، بہادرآباد، کراچی

0311-11-33-(587)JTQ | info@jtq.edu.pk | JTQTrustOfficial | jtqtrustofficial | www.jtq.edu.pk